## حبیب جالب بلوچ کی ٹارگٹ کلنگ کا واقعہ بلوچ قوم پر ایک اور کھلا ظلم ہے۔الطاف حسین
## حبیب جالب بلوچ کے بہیمانہ قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے
## قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور بلوچستان میں ہر قسم کا آپریشن بند کیا جائے

لندن۔۔۔14 جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل اور سابق سینیٹر حبیب جالب بلوچ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے اور اس بہیمانہ قتل کو بلوچ قوم پر ایک اور کھلا ظلم قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حبیب جالب بلوچ متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے رہنما تھے اور انہوں نے پوری زندگی بلوچ عوام کے حقوق اور سماجی انصاف کے حصول کی جدوجہد میں گزاری اور کبھی اپنے ظرف وضمیر کا سودا نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے جاری ریاستی آپریشن کی وجہ سے بلوچستان ایک آتش فشاں کی صورت اختیار کر چکا ہے اور دیگر کئی بلوچ رہنماؤں اور کارکنوں کے بعد اب حبیب جالب بلوچ جیسے رہنما کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ سے بلوچستان کی صورتحال مزید سنگین ہوگی اور یہ ظالمانہ واقعہ مظلوم بلوچ عوام میں پہلے سے پائے جانے والے غم وغصہ اور نفرتوں میں مزید اضافہ کا سبب بنے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں حبیب جالب بلوچ کے بہیمانہ قتل پر شہید کے اہل خانہ، بلوچستان نیشنل پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سمیت پوری بلوچ قوم کے غم اور سوگ میں برابر کا شریک ہوں اور اس سانحہ پر ان سے مکمل یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت اور تمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ حبیب جالب بلوچ کے بہیمانہ قتل کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے، قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور بلوچستان میں ہر قسم کا آپریشن بند کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حبیب جالب بلوچ شہید کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور ان کے اہل خانہ اور تمام سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔

## حق پرست عوام وکارکنان سندھ کے معروف دانشور وشاعر محترم خاکی جویو کی جلد صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین
## صوبائی وزیر شعیب بخاری اور رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے خاکی جویو کی عیادت کی

کراچی۔۔۔14/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سندھ کے معروف دانشور وشاعر جناب خاکی جویو کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک کے عوام اور حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ محترم خاکی جویو کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری ایڈوکیٹ نے محترم خاکی جویو کے اہل خانہ سے ٹیلی فون پر ان کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی۔دریں اثناء حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی نے مقامی اسپتال جاکر محترم خاکی جویو کی الطاف حسین اور اپنی جانب سے خیریت دریافت اور انہیں گلدستہ پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح جمعہ کو ہوگا
## افتتاحی تقریب سے الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔14/جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکزی شعبہ اطلاعات کی نئی عمارت کا افتتاح مورخہ 16 جولائی بروز جمعہ شام 6 بجے ہوگا۔قائد تحریک جناب الطاف حسین افتتاحی تقریب سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔افتتاحی تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست عوامی نمائندے اور ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان کے علاوہ اخبارات، جرائد اور پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے متعلق اینکر پرسن، صحافی حضرات، کالم نگار اور میڈیا سے متعلق اہم شخصیات شرکت کریں گے۔

## آل پاکستان مسلم لیگ کے وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔14/جولائی 2010ء

آل پاکستان مسلم لیگ کے وفد نے گزشتہ روز امتیاز خان وردک کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس اور واسع جلیل سے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفد کے ارکان میں سینئر نائب صدر مبین شیخ، ایسٹ کے آرگنائزر محمد شفیع، شاہد علی، محترمہ نسرین شیخ، فرحین، مسز زرینہ خان اور عائشہ شامل تھیں۔

## پاکستان کی مضبوطی کی ضمانت مضبوط وفاق نہیں بلکہ مضبوط صوبے اور بااختیار عوام ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار
## برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام منعقد کئے جانے والے اجتماع سے خطاب

شیفلیڈ۔۔۔14 جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اوروفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ پاکستان کی مضبوطی کی ضمانت مضبوط وفاق نہیں بلکہ مضبوط صوبے اور بااختیار عوام ہیں لہٰذا ہمیں صوبوں اور عوام کو بااختیار بنانا ہوگا اور عوام کو ان کے حقوق دیکر انہیں تھانیداروں اور پٹواری کی اجارہ داری سے آزاد کرا کے اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہوگا۔انہوں نے یہ بات برطانیہ کے شہر شیفیلڈ میں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام منعقد کئے جانے والے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں شیفیلڈ میں آباد کشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کو ان کے حقوق سے محروم رکھنے اور ناانصافیوں کی وجہ سے 1971ء میں قائداعظم کا بنایا ہوا پاکستان ٹوٹ گیا، اب وقت آ گیا ہے کہ باقیماندہ پاکستان کو بچانے اور اسے قائم ودائم رکھنے کیلئے محروم عوام کو ان کے حقوق دینا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں طے کرنا ہوگا کہ کیا ہم پاکستان میں حکومتوں اور چہروں کی تبدیلی کے بارے میں سوچتے رہیں گے یا ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو بدلیں گے۔انہوں نے کہا کہ اس فرسودہ نظام کا سبب ہے کہ چندخاندان تو ملک کی دولت لوٹ کر اپنی جاگیریں اور جائیدادیں بنا رہے ہیں جبکہ عوام بنیادی سہولتوں تک سے محروم ہیں، غربت ، بیروزگاری، مہنگائی اور فاقہ کشی سے تنگ آ کر لوگ اب خودکشی پر مجبور ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم یہ سمجھتی ہے کہ عوام پر وی اے ٹی نافذ کرنے کے بجائے جاگیرداروں اور بڑے بڑے زمینداروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کیا جائے۔مسئلہ کشمیر کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ خطہ کے امن کیلئے کشمیر کے مسئلہ کا حل ضروری ہے تاہم کشمیریوں کو شامل کئے بغیر مسئلہ کشمیر حل نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ حکومت سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور انشاءاللہ اس سال 14 اگست تک اوورسیز پاکستانیوں کیلئے سرکاری پالیسی کا اعلان کیا جائے گا اور اوورسیز پاکستانیوں کی صلاحیتوں، قابلیت اور تجربہ سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔اجتماع سے ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش، آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن منشاء خان، شیفیلڈ سٹی کونسل کے پارلیمنٹری لیڈر پال سیری ون، پیٹر برا کے سابق میئر چوہدری ایوب، کونسلر طالب حسین ، کونسلر شفق اور مقامی جریدے کے ایڈیٹر فیاض شاہ نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پی اے پی جے کو ملٹی میڈیا پروجیکٹر اور لیپ ٹاپ کا تحفہ

کراچی۔۔۔14/جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے پاکستان ایسوسی ایشن آف فوٹو جرنلسٹس کو ملٹی میڈیا پروجیکٹر اور لیپ ٹاپ پیش کیا گیا۔ یہ تحفہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس اور رکن رابطہ کمیٹی و ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے انچارج واسع جلیل نے منگل کے روز پاکستان ایسوسی ایشن آف فوٹو جرنلسٹس کے بانی زاہد حسین ، صدر مجیب الرحمٰن سمیت دیگر اراکین کو خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات میں پیش کیا۔اس موقع پر پی اے پی جے کے بانی زاہد حسین کی سربراہی میں پاکستان ایسوسی ایشن آف فوٹو جرنلسٹس کے نمائندہ وفد نے تحفہ دینے پر قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور واسع جلیل کو فوٹو جرنلسٹس کے مسائل سے آگاہ کیا اور ان سے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال بھی کیا۔ پی اے پی جے کے وفد میں صدر مجیب الرحمٰن ، فنانس سیکرٹری محمد عدیل، نیشنل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن نقیب الرحمٰن ، فوٹو جرنلسٹس محمد ارشد، خرم شریف، فہیم رضا، جہانگیر خان اور انور عباس بھی موجود تھے۔

## جناح اسپتال میں سابق ایم ایل او ڈاکٹر جبار کا زیر تربیت نرس پر مجرمانہ حملہ طب کے مقدس پیشے پر بدنما داغ ہے، ڈاکٹر ندیم احسان

کراچی۔۔۔14 / جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی اور قائمہ کمیٹی برائے صحت کے چیئرمین ڈاکٹر ندیم احسان نے کراچی کے جناح اسپتال میں زیر تربیت نرس پر اسپتال ہی کے سابق ایم ایل او ڈاکٹر جبار کی جانب سے کیے جانے والے والے مجرمانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے بدترین درندگی اور سفاکیت قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر جبار نے ایک زیر تربیت نرس کی عزت و ناموس پر حملہ کیا جس پر قوم کی غیرت مند بیٹی نے اپنی عزت بچانے کیلئے فلیٹ کی چھت سے چھلانگ لگا دی جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوئی اور اب زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر جبار نہ صرف ایک درندہ صفت انسان بلکہ طب کے مقدس پیشے پر ایک بدنما داغ ہے اس کا یہ گھناؤنا عمل ناقابل معافی ہے۔ ڈاکٹر ندیم احسان نے جناح اسپتال کے ڈائریکٹر و دیگر ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ نرس کی زندگی بچانے کیلئے کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں اور اسے ہر ممکن طبی امداد پہنچائی جائے۔

## جناح اسپتال کراچی میں زیر تربیت نرس سے دست درازی اور مجرمانہ حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔14 / جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے جناح اسپتال کراچی میں سابق ایم ایل او ڈاکٹر جبار کی جانب سے زیر تربیت نرس سے دست درازی اور مجرمانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اس شرمناک واقعہ نے شعبہ طب سے وابستہ افراد کے سر شرم سے جھکا دیئے ہیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شعبہ طب ایک معزز پیشہ ہے اور اس سے وابستہ شخص کی جانب سے نرس سے ہی دست درازی کی کوشش اور مجرمانہ حملہ نے طب کے پیشے پر دھبہ لگا دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ جناح اسپتال کراچی میں زیر تربیت نرس سے دست درازی کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس مجرمانہ فعل میں ملوث ڈاکٹر جبار کو سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## یوسف شاہوانی کی بی این پی کے سیکریٹری جنرل حبیب جالب کی شہادت پر
## مرکزی سیکریٹری اطلاعات آغا حسین بلوچ سے ٹیلی فون پر تعزیت

کراچی۔۔۔14 / جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے بی این پی مینگل گروپ کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات آغا حسین بلوچ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی اور ان بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل اور سابق سینیٹر حبیب جالب بلوچ کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعہ میں المناک شہادت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور پوری ایم کیو ایم کی جانب سے دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کیا اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے حبیب جالب کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اسے بلوچ قوم پر ظلم قرار دیا۔ یوسف شاہوانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حبیب جالب شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور شہید کے سوگوار لواحقین سمیت پوری بلوچ قوم کو صبر جمیل عطا کرے۔ اس موقع پر آغا حسین بلوچ نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

☆☆☆☆☆